D 81 -

1st A. Exam. 2024

SSC (Part – I)

سیشن (2022-24) & (2023-25)

Paper Code No. 5027

گروپ فرسٹ

اُردو (لازمی)

پرچہ : I (معروضی)

وقت : 20 منٹ

نمبرات: 15

BWP-1-24

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات D ، C ، B ، A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی /ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

سوال نمبر 1

(1) شبِ ہجرت مدینہ فاتحِ خیبر کے لیے قتل گاہ کیا تھا :

(A) فرشِ پُرخار (B) فرشِ گُل (C) فرشِ خاک (D) فرشِ خواب

(2) کس کی تصویر اوّل انعام کی مستحق قرار پائی تھی :

(A) تجمّل (B) اختر (C) نیازی (D) گُل جی

(3) " شیخ جمن کی قرب وجوار کے مواضعات میں پُرسش ہوتی تھی"۔ اس میں " پُرسش" کا مطلب ہے :

(A) آؤ بھگت (B) بازپُرس (C) جواب دہی (D) مواخذہ

(4) " ایک دن معمولی دربار تھا۔ اُستاد بھی حاضر تھے۔ ایک مرشد زادے تشریف لائے"۔ یہاں " مرشد زادے" سے مراد ہے:

(A) پیر کا بیٹا (B) وزیر کا بیٹا (C) مشیر کا بیٹا (D) بادشاہ کا بیٹا

(5) وکالت کے امتحان میں کس مضمون کے لیے کسی کتاب کے پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی :

(A) اصولِ جرح (B) اصولِ تعزیر (C) اصولِ قانون (D) اصولِ تعدیل

(6) شاملِ نصاب نظموں میں کس شاعر نے اپنی نظم میں " ٹیپ کا مصرع" استعمال کیا ہے :

(A) خواجہ الطاف حسین حالی (B) امیر مینائی (C) نظیر اکبر آبادی (D) علامہ محمد اقبال (علیہ الرحمہ)

(7) کرنل محمد خاں کے دو ایکڑ پر محیط بنگلے کو شاہانہ طول و عرض کس نے بخشا تھا :

(A) قسامِ ازل نے (B) انجینئرز نے (C) ٹھیکیدار نے (D) پاک فوج نے

(8) بُلبُل کے گانے کی وجہ اُس کی کون سی غمگین زندگی ہے :

(A) مجلسی (B) خانگی (C) خلوتی (D) جلوتی

(9) " اُس کے لَب پُھول کی طرح نازک ہیں" اس میں " مشبّہ " ہے :

(A) نازکی (B) نازک (C) پُھول (D) لَب

(10) " باب" کی جمع ہے :

(A) ابواب (B) اباب (C) ابوب (D) بابایاب

(11) " تکلیف" کا مترادف ہے :

(A) تالیف (B) تحریف (C) دُکھ (D) سُکھ

(12) "ریختے کے تمھی اُستاد نہیں ہو غالبؔ کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میرؔ بھی تھا" اس میں " ریختہ" کس زبان کا ابتدائی نام ہے :

(A) سنسکرت (B) اُردو (C) ہندی (D) ریختن

(13) " محنت" کی جمع ہے :

(A) امحان (B) اماحن (C) امحن (D) محن

(14) لفظ " بھنگی" کی مؤنث ہے :

(A) بھنگ (B) بھانگی (C) بھنگنی (D) بھنگن

(15) " شک" کا متضاد ہے :

(A) ایمان (B) یقین (C) مشکوک (D) شکوک

---------☆☆☆☆☆---------

www.pakcity.org

| رول نمبر: BWP-1-24 | 81- 62000 | گروپ فرسٹ |
| --- | --- | --- |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | 1st A. Exam. 2024 | سیشن (2022-24) & (2023-25) |
| وقت: 2:10 گھنٹے | SSC (Part – I) | کل نمبر: 60 |

**حصہ اول**

﴿ہدایات﴾ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔☆

**حصہ نظم** 10=2x5

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

(الف) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(ب) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(ج) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا
بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

(د) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو
نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

**حصہ غزل**

(الف) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا
اور درویش کی صدا کیا ہے؟

(ب) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(ج) آتشِ غم میں دل بھنا شاید
دیر سے بُو کباب کی سی ہے

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10=5+5

(الف) اس صورت میں ان کا خون تمام قبائل میں بٹ جائے گا اور آلِ ہاشم اکیلے تمام قبائل کا مقابلہ نہ کر سکیں گے۔ اس اخیر رائے پر اتفاق ہو گیا اور جھٹ پٹے سے آکر رسول اللہ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) کے آستانۂ مبارک کا محاصرہ کر لیا۔ اہلِ عرب زنانہ مکان کے اندر گھسنا معیوب سمجھتے تھے۔

(ب) میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعۂ شہرت بن کر رہ جائے۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10=2x5

(i) سیرت النبی (ﷺ) کس کی تصنیف ہے؟
(ii) چھوٹے چودھری نے لاء کالج میں داخلے کے لیے رقم کہاں سے حاصل کی؟
(iii) کوّا کس کے قریب نہیں پھٹکتا؟
(iv) الگو کے والد کا اُستاد کے بارے میں کیا مقولہ تھا؟
(v) جب اُستاد ذوق نے سودا کو میر پر ترجیح دی تو مرزا نے کیا کہا؟
(vi) "سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی" اسمیں کونسا لفظ بطورِ ردیف استعمال ہوا ہے؟
(vii) جیب گل کس چیز سے خالی ہے؟
(viii) شاعر کس لیے دو گز زمین چاہتا ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) آرام و سکون (5)

سوال نمبر 6 نصاب میں شامل نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5=1+4

سوال نمبر 7 ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ (10)

یا

مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔

سوال نمبر 8 "سچ کی برکت" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کریں۔ (5)

یا

"دوکاندار اور خریدار" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) وہ دن بدن کمزور ہو رہا ہے۔
(ii) مجھے اس دوائی سے آرام ہے۔
(iii) ناہید یہ سن کر ہکی بکی رہ گئی۔
(iv) نوید چھت کے اوپر کھیل رہا ہے۔
(v) مرض بڑھتی گئی جوں جوں دوا کی۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) گڑ سے جو مرے تو ---- کیوں دوں۔
(ii) فقیر کی صورت ---- ہے۔
(iii) غریب کی جورو سب کی ----
(iv) طویلے کی بلا ---- کے سر۔
(v) ڈوبتے کو ---- کا سہارا۔

www.pakcity.org

| C | 82 - | Paper Code No. 5026 | (لازمی) |
|---|---|---|---|

1st A. Exam. 2024 — گروپ سیکنڈ

SSC (Part – I)

سیشن (2023-25) & (2022-24)

پرچہ : I (معروضی)

وقت : 20 منٹ

نمبرات: 15

BWP-2-24

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات A، B، C، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

سوال نمبر 1

(1) "قماربازی" کہتے ہیں :
(A) نشہ کرنے کو (B) موسیقی سننے کو (C) جوا کھیلنے کو (D) تقریر کرنے کو

(2) غدر کے بعد مرزا کی آمدن ہو گئی تھی:
(A) دو سو روپے (B) کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپے (C) اڑھائی سو روپے (D) تین سو روپے

(3) آپ (ﷺ) اور حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے کتنی راتیں غار میں گزاریں :
(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

(4) لکھنؤ میں میرؔ اور مرزاؔ کے کلام پر کتنے شخصوں نے تکرار کی :
(A) 4 (B) 3 (C) 2 (D) 1

(5) "آرام و سکون" میں صحن میں پٹ پٹ گاڑی کون چلا رہا تھا :
(A) بچہ (B) للّو (C) سقا (D) فقیر

(6) بوڑھی بیوہ شیخ جمن کی تھی :
(A) چچی (B) پھوپھی (C) پڑوسن (D) خالہ

(7) "نصوح اور سلیم کی گفتگو" ماخوذ ہے :
(A) توبۃ النصوح سے (B) بنات النعش سے (C) مراۃ العروس سے (D) ماماعظمت سے

(8) اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جاتی ہے :
(A) حمد میں (B) نعت میں (C) قصیدہ میں (D) مرثیہ میں

(9) "امت" کی جمع ہے :
(A) امم (B) امہات (C) امتی (D) اوامت

(10) میر تقی میر کی پہچان ہے :
(A) نظم (B) قصیدہ (C) غزل گوئی (D) مرثیہ

(11) امیر مینائی کی زیادہ تر شاعری ہے :
(A) نظم اور قصیدہ (B) مرثیہ (C) رباعی (D) غزل و نعت

(12) "امیر" کی جمع ہے :
(A) امارات (B) امور (C) اوامر (D) امراء

(13) "دغا" کا مترادف ہے :
(A) حدود (B) تعریف (C) فریب (D) بھروسہ

(14) "آغاز" کا متضاد ہے :
(A) ظلمت (B) مسرت (C) روشن (D) انجام

(15) "تایا" کی مؤنث ہے :
(A) تاؤ (B) تائن (C) تائی (D) تائی وانی

----------☆☆☆☆☆----------

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

| اُردو لازمی (انشائیہ) | 1st A. Exam. 2024 | سیشن (2022-24) & (2023-25) |
| --- | --- | --- |
| وقت : 2 : 10 گھنٹے | SSC (Part – I) | کل نمبر : 60 |

**حصہ اول**

﴿ھدایات﴾ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجئے۔☆

BWP-2-24

**حصہ نظم** 10=2x5

سوال نمبر2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے)

(الف) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(ب) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھُلا تیرا

(ج) بُوندوں کی جھجھلاہٹ ، قطرات کی بہاریں — ہر بات کے تماشے ، ہر گھات کی بہاریں

(د) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

**حصہ غزل**

(الف) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے ؟

(ب) نازکی اُس کے لَب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(ج) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار — قلم اپنا موتی پرو یا کیا

**حصہ دوم**

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجئے۔ 10=5+5

(الف) کفار نے جب آپ (ﷺ) کے گھر کا محاصرہ کیا اور رات زیادہ گزر گئی ، تو قدرت نے ان کو بے خبر کر دیا۔ آنحضرت (ﷺ) ان کو سوتا چھوڑ کر باہر آئے ، کعبے کو دیکھا اور فرمایا : "مکہ ! تو مجھ کو تمام دنیا سے زیادہ عزیز ہے ، لیکن تیرے فرزند مجھ کو رہنے نہیں دیتے "۔

(ب) آپ سب کچھ سمجھ جائیں گے ، یہ کوئی معمّا نہیں ہے۔ سنیے ! جیسا کہ آپ جانتے ہیں ، آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس ، قلاش اور گمنام مصوّر ہوں۔

سوال نمبر4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 10=2x5

(i) انعام کا لالچ لے کر نکلنے والے کا کیا انجام ہوا؟

(ii) مرزا کے خط کے حروف کس چیز کی غمازی کرتے تھے؟

(iii) تجمل حسین کی شخصیت پر روشنی ڈالیے۔

(iv) محرم اور نا محرم میں کیا فرق ہے؟

(v) شاعر اضطراب کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

(vi) علامہ اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) غنچہ اور شجر سے کیا مراد لے رہے ہیں؟ مختصر اً لکھیئے۔

(vii) الگو چودھری کا فیصلہ سُن کر شیخ جمن کا رد عمل کیا تھا؟

(viii) دل کے پھپھولے جل اُٹھے سینے کے داغ سے — اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے — کم عمر شریف زادے کے متعلق سودا کی پیش گوئی بیان کریں۔

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (الف) پنچایت (ب) آرام و سکون (5)

سوال نمبر6 نصاب میں شامل نظم " **حمد** " کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5 = 1+4

سوال نمبر7 والدہ کے نام خط لکھیے جس میں " **موسم گرما** " کی تعطیلات کا ذکر کیجئے۔ (10)

**یا**

اپنے سکول کے **ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل** کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

سوال نمبر8 " **دودھ میں پانی** " کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کریں۔ (5)

**یا**

" **گاھک اور درزی** " کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ (5)

(i) عزیز سے گلاس توڑا۔ (ii) تم شریف نے یہ کیوں کیا؟ (iii) ہمت کو ہارنا۔

(iv) اپنے منہ میاں مٹھو ہونا۔ (v) دو پانچ ہاتھ۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

(i) یہاں کا باوا آدم۔۔۔ (ii) دل کو دل سے۔۔۔ (iii) جیسا دیس۔۔۔ (iv) باسی کڑھی میں۔۔۔ (v) پاک رہو۔۔۔

B

☆☆☆☆☆

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

A | 02 - | Paper Code No. 5022 | اُردو (لازمی)

Ist - A - Exam 2023

گروپ سیکنڈ

پرچہ : I (معروضی طرز)

SSC ( Part - I )

وقت : 20 منٹ

Session (2020-22) to (2022-24)

نمبرات : 15

BWP-2-23

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے جھنکاریں سُنائی دے رہی تھیں :
(A) بندوق کی (B) تیر کی (C) تلوار کی (D) نیزہ کی

(2) انشاءاللہ خاں ایک دن کس کی ملاقات کو آئے :
(A) میر درد کی (B) جرأت کی (C) غالب کی (D) آتش کی

(3) ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا :
(A) بلی (B) سلیم (C) بیدارا (D) لڑکی

(4) لاء کالج میں کون طالب علم کا دوست تھا :
(A) منشی صاحب (B) لیکچرار صاحب (C) پرنسپل صاحب (D) چوکیدار

(5) اُلو کی قسمیں بتائی جاتی ہیں :
(A) 30 (B) 20 (C) 40 (D) چند

(6) ماسٹر جی نے کس چیز کی فرمائش کی :
(A) چائے کی (B) لسی کی (C) کافی کی (D) کارن فلیک کی

(7) سبق " لہو اور قالین " میں اسٹوڈیو میں دیواروں پر کیا لگا ہوا ہے :
(A) کیلنڈر (B) بچوں کی تصاویر (C) چارٹ (D) مشہور مصوروں کے شاہکار

(8) صبا میں کس کی خوشبو ہے :
(A) باغ کے پھولوں کی (B) طائف کے پھولوں کی (C) مدینہ کے پھولوں کی (D) مکہ کے پھولوں کی

(9) بادل جھڑیوں کی مستیوں سے کیا مچا رہے ہیں :
(A) جل تھل (B) دھومیں (C) شور (D) اودھم

(10) شاعر کی کشتِ سُخن بے فکر سبز رہی کیوں کہ :
(A) نہ جوتا گیا نہ بویا گیا (B) نہ اس نے جوتا (C) نہ اس نے بویا (D) ہاتھ دھویا گیا

(11) " مہتر " کی مونث ہے :
(A) مہتران (B) مہترونی (C) مہترانی (D) مہاترانی

(12) " تقدیم " کا متضاد ہے :
(A) مقدم (B) آخیر (C) تاثیر (D) تاخیر

(13) " رغبت " کا مترادف ہے :
(A) شوق (B) راحت (C) نفرت (D) محبت

(14) " خدام " کا واحد ہے :
(A) مخدوم (B) خادم (C) مخدومہ (D) خدامہ

(15) " عندلیب " کی جمع ہے :
(A) عندلاب (B) عنالد (C) عنادل (D) عقل مند

---------☆☆☆☆☆---------

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

| گروپ سیکنڈ | SSC ( Part - I ) | 02 - S6000 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| سیشن (2020 - 22) to ( 2022 - 24 ) | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | Ist - A -Exam 2023 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

BWP-2-

**حصہ اول**

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

**حصہ نظم**

سوال نمبر2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

(الف) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(ب) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ج) کیا کیا رکھے ہے یا رب ، سامان تیری قدرت بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(د) جو بے داغ لالہ ، جو بے خار گل ہے وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے

**حصہ غزل**

(الف) ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے اُمید جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے ؟

(ب) بلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

(ج) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے

**حصہ دوم**

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10) = 5+5

(الف) گو تم نے مجھ کو سلام نہیں کیا لیکن ضرور ہے کہ میں تم کو دُعا دوں۔ جیتے رہو ، عمر دراز ، خدا نیک ہدایت دے۔ اُن کا یہ کہنا تھا کہ میں غیرت کے مارے زمین میں گڑ گیا اور فوراً میں نے اُٹھ کر نہایت ادب کے ساتھ سلام کیا۔ تب ' حضرت بی ' نے فرمایا : بیٹا ! بُرا مت ماننا ، یہ بھلے مانسوں کا دستور ہے کہ اپنے سے جو بڑا ہوتا ہے اس کو سلام کر لیا کرتے ہیں۔

(ب) طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے اور یہ کہ دو طرفہ طوفان کا حدودِ اربعہ ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے۔ علی بخش اس لئے ناخوش تھا کہ اُسے دیہاتی کہا گیا تھا اور سلیم میاں اس بات پر برہم تھے کہ علی بخش کی غلطی کی وجہ سے امجد نے انہیں دیہاتی سمجھا ہوگا۔ ہمارے نزدیک دیہاتی ہونا یا سمجھا جانا ایسی ناقابلِ برداشت قباحت نہ تھی۔

سوال نمبر4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10) = 2 x 5

(i) سراقہ بن جحشم کیسے تائب ہوا ؟ (ii) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

(iii) سر سید احمد خان کی کوئی دو تصانیف کے نام لکھیے۔ (iv) شیخ جمن نے فیصلہ سُناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

(v) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ (vi) " مخمس نظم " سے کیا مراد ہے؟

(vii) حمد میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات بیان کی ہیں؟ (viii) " کلیاتِ ظفر " میں کون کون سی زبانوں کے حامل اشعار ہیں؟

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) پنچائیت (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور (5)

سوال نمبر6 نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر7 چچا کے نام خط لکھیے جس میں چچی کی بیماری اور اس کی مزاج پرسی کا ذکر کیا گیا ہو۔ (10)

**یا**

ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کی خدمت میں فیس معافی کے لئے درخواست تحریر کیجیے۔

سوال نمبر8 دو ہم جماعت طالب علموں کے درمیان پڑھائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

**یا**

" کوے کا انتقام " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (ii) حمزہ نے خط کو لکھا۔ (iii) ہم نے حج کرنا ہے۔

(iv) چور کی داڑھی میں چاول کا دانہ۔ (v) ماروں گھٹنا پھوٹے ناک۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) اُلٹے بانس ---------- کو۔ (ii) باسی کڑھی میں ---------- آیا۔

(iii) آپ آئے ---------- آئے۔ (iv) حساب جو جو ---------- سو سو (v) خدمت سے ---------- ہے۔

----------☆☆☆☆☆----------

09-02-2023

| A | 01 - | Paper Code No. 5021 | اُردو (لازمی) |
|---|---|---|---|

**Ist - A - Exam 2023**

گروپ فرسٹ

**SSC ( Part - I )**

**Session (2020 - 22) to (2022 - 24)**

پرچہ : I (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

BWP1-23

**نوٹ :** ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C ، D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**سوال نمبر1**

(1) مرزا کی طبیعت میں بدرجۂ غایت ----- تھا :
(A) جود و سخا (B) مروت اور لحاظ (C) اخلاص (D) صبر

(2) میؔر اور مرزؔا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مُرید تھے :
(A) خواجہ میردردؔ کے (B) مرزا غالبؔ کے (C) ابراہیم ذوقؔ کے (D) خواجہ باسط کے

(3) سلیم کو کس نے آکر جگایا :
(A) حضرت بی نے (B) نصوح نے (C) بیدارا نے (D) ماں نے

(4) گھنٹی کس نے میز سے اُٹھا کر انگیٹھی پر رکھی تھی :
(A) میاں نے (B) بیوی نے (C) ننھے نے (D) للّو نے

(5) کوا باورچی خانے کے پاس بہت ----- رہتا ہے :
(A) ناخوش (B) اداس (C) خوف زدہ (D) مسرور

(6) الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے تھا :
(A) عاجزانہ (B) امیرانہ (C) خاکسارانہ (D) مدبرانہ

(7) کسی شخص کے دل کو ---- پڑا رہنا نہ چاہیے :
(A) بے کار (B) مصروف (C) فکرمند (D) غم زدہ

(8) کون اپنی کملی میں مگن رہتا ہے :
(A) تیرا عاشق (B) تیرا بندہ (C) تیرا گدا (D) تیرا غلام

(9) جیبِ گل کس چیز سے خالی ہے :
(A) زر سے (B) زرِ کامل عیار سے (C) بہار سے (D) خوشبو سے

(10) عاشق کو کیا کھانے کا مزا پڑا ہے :
(A) غم کا (B) دُکھ کا (C) آنسوؤں کا (D) غربت کا

(11) " گرہست " کی مونث ہے :
(A) گرہستہ (B) گرہستی (C) گرہستان (D) گرہستن

(12) " اتفاق " کا متضاد ہے :
(A) دوستی (B) بھائی چارہ (C) نفاق (D) اکٹھے

(13) " فراخ " کا مترادف ہے :
(A) تاریک (B) کشادہ (C) تنگ (D) خوشی

(14) " اسالیب " کا واحد ہے :
(A) اسلیب (B) سلب (C) اسلوب (D) اسلاب

(15) " موج " کی جمع ہے :
(A) امواج (B) مواج (C) موجی (D) موجیں

---------☆☆☆☆☆---------

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

| گروپ فرسٹ | SSC ( Part - I ) | 01 - 60000 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| (2020 - 22) to ( 2022 - 24 ) سیشن | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | Ist - A -Exam 2023 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

حصہ اول

﴾ ہدایات ﴿ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجئے۔ ☆

BWP-1-

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** (10)=2x5

(الف) سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے ، تری گفتگو ہے

(ب) ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(ج) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(د) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

**حصہ غزل**

(الف) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ب) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا ، بخت سویا کیا

(ج) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی — پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10) = 5+5

(الف) باہر سے دُور دُور کا آم بطور سوغات کے آتا تھا ، مگر حضرت کا جی نہیں بھرتا تھا۔ نواب مصطفیٰ خاں مرحوم ناقل تھے کہ ایک صحبت میں مولانا فضل حق اور دیگر احباب موجود تھے اور آم کی نسبت ہر ایک شخص اپنی اپنی رائے بیان کر رہا تھا کہ اس میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہییں۔

(ب) لیکن میری مسلسل حاضری لا کلاس اور شبانہ روز کی محنت نے ان کے دلوں پر سکہ بٹھا رکھا تھا۔ وہ کب ماننے والے تھے پھر بھی احتیاطاً اپنے بچاؤ کے لئے اُن سے کہہ دیا کہ اگر میں فیل ہو جاؤں تو اس کی ذمہ داری مجھ پر نہ ہوگی۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10) = 2 x 5

(i) دلی قوئی کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟ (ii) شریف زادے کی غزل سُن کر سوداؔ نے کیا کہا؟

(iii) نصوح کے بیٹے سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں ؟ (iv) الگو چودھری کا فیصلہ سُن کر شیخ جمن کا ردِعمل کیا تھا؟

(v) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لئے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟ (vi) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vii) " گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے " سے کیا مراد ہے ؟ (viii) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات وخصائل (ii) لہو اور قالین (5)

سوال نمبر 6 نصاب میں شامل " حمد " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر 7 اپنے دوست کے نام خط لکھیے جس میں جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف کی مذمت کی گئی ہو۔ (10)

**یا**

فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو کی بدانتظامی کے خلاف درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 8 گاہک اور درزی کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ (5)

**یا**

" کوے کا انتقام " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ (5)

(i) حمزہ نے دوبئی جانا ہے ۔ (ii) میں نے فرحان دیکھا۔ (iii) ہمت کو نہ ہارو۔

(iv) چھ چاند لگ جانا۔ (v) شیخی اور پانچ کانے ۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

(i) گڑ سے جو مرے تو ---------------- (ii) جتنی چادر دیکھیے اتنے ----------------

(iii) پاک رہو ------------ (iv) صورت نہ شکل ------------ (v) بات کھٹائی میں ------------

B

-----------☆☆☆☆☆-----------

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

C | 01- | Paper Code No. 5025 | اُردو (لازمی)

(SSC-A-2022)

گروپ فرسٹ

پرچہ : I (معروضی طرز)

SSC ( Part - I )

وقت : 20 منٹ

Session (2020-22) to (2021-23)

نمبرات : 15

BWP-GA-22

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) قوم کی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے :
(A) کاہلی چھوڑ کر (B) فکرمندی چھوڑ کر (C) خوش و خرم رہ کر (D) پریشان رہ کر

(2) لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے :
(A) محبت بھرے (B) دکھ بھرے (C) بیرنگ (D) طویل

(3) اس وقت بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بہت سی اہلِ قریش کی -------- جمع تھیں :
(A) تلواریں (B) امانتیں (C) کھجوریں (D) نعتیں

(4) " قاطع بُرہان " کے مصنف کون ہیں :
(A) ذوق (B) مومن (C) غالب (D) سودا

(5) الطاف حسین حالی نے شاعری میں شاگردی اختیار کی :
(A) غالب کی (B) سودا کی (C) مولانا شبلی کی (D) امیر مینائی کی

(6) اس فیصلے نے الگو اور جمن کی دوستی کی ہلا دیں :
(A) بنیادیں (B) دیواریں (C) سخن وری (D) جڑیں

(7) سلیم کو کس نے آ کر جگایا :
(A) نصوح نے (B) بیدارا نے (C) ماں نے (D) حضرت بی نے

(8) جب دوسروں سے مدد ملنے کی توقع ------ ہوگی (سبق امتحان) :
(A) پوری (B) ختم (C) منقطع (D) مکمل

(9) " رُکن " کی جمع ہے :
(A) اراکین (B) ارکان (C) رُکنن (D) رکون

(10) " خدائے سخن " کہا جاتا ہے :
(A) میر درد کو (B) آتش کو (C) میر تقی میر کو (D) حالی کو

(11) امیر مینائی کی نعتوں میں رنگ غالب ہے :
(A) محاورات کا (B) تصنع کا (C) آورد کا (D) آمد کا

(12) " ذاکرین " کا واحد ہے :
(A) ذاکر (B) ذکر (C) اذکار (D) مذکور

(13) " راحت " کا متضاد ہے :
(A) فرحت (B) رنج (C) مسرت (D) عُسرت

(14) " کشادہ " کا مترادف ہے :
(A) کشادگی (B) فرخ (C) افراخ (D) فراخ

(15) " بچھڑا " کی مونث ہے :
(A) بچھڑی (B) بچھڑے (C) بچھیا (D) بچھڑنا

---------☆☆☆☆☆---------

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| رول نمبر | 01 - 58000 | SSC ( Part - I ) | گروپ فرسٹ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | SSC-A-2022 | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | سیشن (2020 - 22) to ( 2021 - 23 ) |

**حصہ اول**

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** (10)=2x5

BWP-G1-22

(الف) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ب) جے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(ج) ہیں اس ہوا میں کیا کیا برسات کی بہاریں — سبزوں کی لہلہاہٹ ، باغات کی بہاریں

(د) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

**حصہ غزل**

(الف) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ب) رُخ و زُلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اُجالے میں رویا کیا

(ج) عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10) = 5+5

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا ، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امرا و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ ان کے مکان پر آتے تھے ، یہ بھی ان کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) آپ سب کچھ سمجھ جائیں گے ، یہ کوئی معمّا نہیں ہے۔ سُنیے ! جیسا کہ آپ جانتے ہیں ، آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس ، قلاش اور گمنام مصوّر ہوں۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10) = 2 x 5

(i) ہجرت کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ شہر سے مخاطب ہو کر کیا فرمایا؟ (ii) سرسید کے علمی و ادبی رسالے کا نام کیا تھا؟

(iii) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟ (iv) سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

(v) کوّا باورچی خانے کے پاس کیوں بہت سرور رہتا ہے؟ (vi) اگر شجر کی ڈالی ٹوٹ کر الگ ہو جائے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(vii) شاملِ نصاب " نعت " میں شاعر نے کس آرزو کا اظہار کیا ہے ؟ (viii) مطلع کی تعریف بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) قدر ایاز (5)

سوال نمبر 6 نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر 7 مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ (10)

**یا**

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 8 تاریخ پاکستان کے موضوع پر اُستاد اور طلبا کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

**یا**

" جھوٹ کی سزا " کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) علی نے خط کو لکھا۔ (ii) دل نے چاہا تو ضرور کھیلوں گا۔ (iii) اختر نے طالب علم پڑھایا۔

(iv) طارق نے اخبار کو خریدا۔ (v) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

**یا**

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) آپ آئے ---------------- (ii) غریب کی جورو سب کی ----------------

(iii) یہاں کا باوا آدم ہی ---------------- (iv) ماروں گھٹنا پھوٹے ---------------- (v) اپنے منہ میاں ----------

☆☆☆☆☆----------

04-04-2022

www.pakcity.org

A | 02- | Paper Code No. 5022

اُردو (لازمی)

(SSC-A-2022)

گروپ سیکنڈ

پرچہ : 1 (معروضی طرز)

SSC ( Part - I )

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

Session (2020-22) to (2021-23)

BwP-G2-22

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 اہلِ عرب معیوب سمجھتے تھے :

(1) (A) مکان کے اندر گھسنا (B) زنانہ مکان کے اندر گھسنا (C) دیوار پھلانگنا (D) تالا توڑنا

(2) فواکہ میں مرزا غالب کو بہت مرغوب تھا : (A) تربوز (B) خربوزہ (C) آڑو (D) آم

(3) سلیم کو آکر جگایا : (A) ماں نے (B) حضرت بی نے (C) نصوح نے (D) بیدارا نے

(4) ملازم کوٹ رہا تھا : (A) ریٹھے (B) نمک (C) مرچیں (D) گرم مصالحہ

(5) بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا : (A) رتی برابر (B) ذرہ برابر (C) بالکل (D) معمولی

(6) ماسٹر جی کے بیٹھنے کیلیے منگوائی گئی : (A) پیڑھی (B) کرسی (C) چارپائی (D) بنچ

(7) دکان دار دکان کھولنے سے پہلے دہشت گردی کے حوالے سے جائزہ لیں

(A) تالوں کا (B) اردگرد مشکوک اشیاء کا (C) اردگرد لوگوں کا (D) دکان کے اندر اشیاء کا

(8) نصاب میں شامل " حمد " کے شاعر ہیں : (A) علامہ محمد اقبال (B) نظیر اکبرآبادی (C) خواجہ الطاف حسین حالی (D) امیر مینائی

(9) تیتر پکارتے ہیں : (A) سبحان تیری قدرت (B) ایمان تیری قدرت (C) پہچان تیری قدرت (D) ہر آن تیری قدرت

(10) آتش کی غزل کے ایک شعر کے مطابق برہمن کو حسرت رہی :

(A) ملاقاتوں کی (B) کراماتوں کی (C) مداراتوں کی (D) باتوں کی

(11) " اسلوب " کی جمع ہے : (A) اسلوبات (B) اسلبا (C) اسالیب (D) اسلاب

(12) " نغمات " کا واحد ہے : (A) نمغہ (B) نغمہ (C) نمغ (D) نغم

(13) " بنجارا " کی مونث ہے : (A) بنجارن (B) بنجاری (C) بنجارنی (D) بنجارائن

(14) " حاکم " کا متضاد ہے : (A) حکم (B) احکام (C) محکوم (D) حکیم

(15) " عسرت " کا مترادف ہے : (A) کشادگی (B) فیاضی (C) رسائی (D) تنگی

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

| گروپ سیکنڈ | SSC ( Part - I ) | 02 - J 7000 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| سیشن (2020 - 22) to ( 2021 - 23 ) | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC-A-2022 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

حصہ نظم

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

BWP-G2-22

(الف) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا ۔۔۔ بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

(ب) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر ۔۔۔ یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(ج) ہے لازوال عہد خزاں اُس کے واسطے ۔۔۔ کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(د) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں ۔۔۔ جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

حصہ غزل

(الف) ہستی اپنی حباب کی سی ہے ۔۔۔ یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ب) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار ۔۔۔ قلم اپنا موتی پرویا کیا

(ج) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار ۔۔۔ یاالٰہی ! یہ ماجرا کیا ہے ؟

حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10) = 5+5

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن ، چشمِ انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔ ایک دن انتظار کر کے واپس جا چکے تھے کہ ایک یہودی نے قلعے سے دیکھا اور قرائن سے پہچان کر پکارا : " اہلِ عرب ! لو تم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آ گیا۔"

(ب) چھوڑ اپنی یہ پٹ پٹ ۔ چُپ نامراد ، اتنا خیال نہیں ابّا بیمار پڑے ہیں۔ ڈاکٹر نے کہا ہے شور غل نہ ہو ، انہیں تکلیف ہوگی۔ چپ ! خبردار جو آواز نکالی۔ گلا گھونٹ ڈالوں گی۔ کم بخت کا جو کھیل ہے ، ایسا ہی بے ڈھنگا ہے۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10) = 2 x 5

(i) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کی طرف ہجرت کیوں کی؟ (ii) شریف زادے کی غزل سُن کر مرزا محمد رفیع سودا نے کیا کہا؟

(iii) جمن شیخ اور الگو چودھری میں دوستی کا آغاز کب ہوا ؟ (iv) نظیر اکبرآبادی کی نظموں میں کن موضوعات کا ذکر ملتا ہے؟

(v) نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " سے ہمیں کیا اخلاقی سبق ملتا ہے؟ (vi) اصطلاح میں غزل سے کیا مراد ہے؟

(vii) سبق " قدر ایاز " میں سلیم میاں نے علی بخش کو دیہاتی ، گنوار اور بدتمیز کیوں کہا ؟

(viii) سبق " آرام و سکون " میں بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کیلئے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ii) آرام و سکون (5)

سوال نمبر 6 نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر 7 اپنی بہن کے نام خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ (10)

یا

ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 8 درزی اور گاہک کے درمیان سوٹ تیار کرنے کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

یا

ایک کہانی تحریر کیجیے جس کا عنوان " گیدڑ کی مکاری " ہو۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔ (ii) مجھ نے یہ نہیں کیا تھا۔ (iii) احمد نے اخبار کو خریدا۔

(iv) عورتوں نے کہا ہم آ گئی ہیں۔ (v) پانچ جگ ، دو پلیٹیں ، ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) بارہ برس دلی میں رہے ---------------- (ii) بلّی کے بھاگوں ----------------

(iii) ظلم کی ٹہنی کبھی ---------------- (iv) کمخواب میں ---------------- (v) اپنے گریبان میں ----------------

☆☆☆☆☆

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

A | 03 - | Paper Code No. 5021

(SSC-A-2018)

SSC ( Part - I )

Session (2016-18) to (2017-19)

نیو کورس

گروپ فرسٹ

اُردو (لازمی)

پرچہ : I (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C , D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 ہجرت سے پہلے قرارداد ہو چکی تھی :

(1) (A) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے (B) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے (C) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے (D) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے

(2) مرزا کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا : (A) اخلاص (B) مروّت اور لحاظ (C) جودوسخا (D) صبر

(3) " قاطع برہان " کے مصنف کون ہیں : (A) ذوق (B) مومن (C) غالب (D) سودا

(4) سانحہ پشاور کب پیش آیا : (A) 13دسمبر2014ء (B) 14دسمبر2014ء کو (C) 15دسمبر2014ء کو (D) 16دسمبر2014ء کو

(5) ڈاکٹر کے مطابق میاں کو کیا بیماری تھی : (A) شوگر (B) دل کی بیماری (C) سردرد (D) تکان اور حرارت

(6) لاء کالج میں کون طالب علم کا دوست تھا : (A) لیکچرار صاحب (B) پرنسپل صاحب (C) منشی صاحب (D) چوکیدار

(7) کرنیلوں کو رہائش کیلئے کون سے بنگلے ملتے ہیں : (A) اے کلاس (B) بی کلاس (C) سی کلاس (D) ڈی کلاس

(8) ایسا کلام جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف ہو کہلاتا ہے : (A) حمد (B) نعت (C) غزل (D) مرثیہ

(9) فصل خزاں میں ٹوٹ گئی : (A) ڈالی (B) بالی (C) کلی (D) شاخ

(10) میر تقی میر کی وجہ شہرت کیا ہے : (A) نعت (B) غزل (C) حمد (D) قصیدہ

(11) " اسلوب " کی جمع ہے : (A) اَسلیب (B) اَسالیب (C) اَسلوف (D) اَسلاف

(12) " آداب " کا واحد ہے : (A) ادیب (B) اَدابا (C) اَدب (D) اَدبیہ

(13) " بھکاری " کی مونث ہے : (A) بیکارائن (B) بندرائن (C) کمھارن (D) بھکارن

(14) " قوت " کا متضاد ہے : (A) ضعف (B) ظروف (C) ضعیف (D) طاقت

(15) " ظلمت " کا مترادف ہے : (A) اُجالا (B) تاریکی (C) روشنی (D) مسرت

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

| رول نمبر | 03 - ? (گروپ) | SSC (Part - I) | نیو کورس / گروپ فرسٹ |
|---|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | SSC-A-2018 | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | سیشن (2016 - 18) to (2017 - 19) |

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔ ☆

## حصہ اول

### حصہ نظم

سوال نمبر2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

(الف) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

(ب) تری راہ میں خاک ہوجاؤں مر کر — یہی میری حرمت ، یہی آبرو ہے

(ج) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(د) ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحاب بہار سے

### حصہ غزل

(الف) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

(ب) ہمیشہ لکھے وصف دندان یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا

(ج) دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اس درد کی دوا کیا ہے

## حصہ دوم

سوال نمبر3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیں۔ (10) = 5+5

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ب) دن بھر اُلّو آرام کرتا ہے اور رات بھر ہو ہو کرتا ہے۔ اس میں کیا مصلحت پوشیدہ ہے؟ میرا قیاس اتنا ہی صحیح ہے جتنا کہ آپ کا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اُلّو تُو ہی تُو کا وظیفہ پڑھتا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو وہ ان خود پسندوں سے ہزار درجہ بہتر ہے ، جو ہر وقت مَیں ہی مَیں کا ورد کرتے رہتے ہیں۔

سوال نمبر4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیں۔ (10) = 2 x 5

(i) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟ (ii) دلی تو تی کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

(iii) نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں؟ (iv) بندوق چلے تو کوے کیا کرتے ہیں؟

(v) بادِ صبا گھر گھر کیا پیغام لئے پھرتی ہے؟ (vi) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(vii) کون مشتاق ہے اور کون بیزار؟ (viii) شیخ جمن نے فیصلہ سناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

سوال نمبر5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ii) آرام وسکون (5)

سوال نمبر6 نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (5) = 1+4

سوال نمبر7 اپنے دوست کو خط لکھیں اور اسے اپنی بہن کی شادی سادگی سے کرنے کی تلقین کریں۔ (10)

یا

فوڈ کنٹرولر کو درخواست لکھیں اور راشن ڈپو ہولڈر کی شکایت کریں۔

سوال نمبر8 دکاندار اور خریدار میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا ایک کہانی تحریر کیجیے جس کا عنوان " جس کا کام اُسی کو ساجھے " ہو۔ (5)

سوال نمبر9 درج ذیل جملوں کی درستگی کیجیے۔ (5)

(i) احمد نے ملتان جانا ہے۔ (ii) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (iii) سعد ، ادریس دونوں آگیا۔

(iv) شاہد نے اخبار خریدی۔ (v) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) آ بیل مجھے ---------------- (ii) جس کی لاٹھی اُس ----------------

(iii) غریب کی جورو سب کی -------- (iv) خدمت سے -------- (v) یہاں کا باوا آدم ہی -------

-----------☆☆☆☆☆-----------

B    BWP-9-1-18

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

A | 04 - | Paper Code No. 5022 | اُردو (لازمی)

(SSC-A-2018)

SSC ( Part - I )

نیو کورس

گروپ سیکنڈ

پرچہ : I (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

نمبرات : 15

Session (2016-18) to (2017-19)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C ، D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) ہجرت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بہت سی جمع تھیں :
(A) تلواریں (B) امانتیں (C) کھجوریں (D) نعمتیں

(2) مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے :
(A) اخلاق (B) افکار (C) خصائل (D) کردار

(3) روٹی پیدا کرنے کیلئے نہایت ضروری ہے :
(A) آرام (B) محنت (C) سفارش (D) خوشامد

(4) میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنیوالے کس کے مرید تھے :
(A) خواجہ میر درد کے (B) مرزا غالب کے (C) ابراہیم ذوق کے (D) خواجہ باسط کے

(5) سلیم کو کس نے آکر جگایا :
(A) نصوح نے (B) بیدارا نے (C) ماں نے (D) حضرت بی نے

(6) الگو چودھری کا بیل کس نے خریدا :
(A) شیخ جمن نے (B) رام دھن مصر نے (C) خالہ جی نے (D) سمجھو سیٹھ نے

(7) سبق " آرام و سکون " کے مصنف کون ہیں :
(A) پریم چند (B) سید امتیاز علی تاج (C) مولوی نذیر احمد (D) مرزا ادیب

(8) سب سے مقدم حق کس کا ہے :
(A) مسافر کا (B) راہ گیر کا (C) اللہ تعالیٰ کا (D) ہمسایہ کا

(9) صبا کا مطلب ہے :
(A) شام (B) دوپہر (C) صبح کی ہوا (D) آدمی

(10) میر تقی میر پیدا ہوئے :
(A) آگرہ (B) دہلی (C) لکھنو (D) علی گڑھ

(11) " نواسا " کی مونث ہے :
(A) نواسن (B) نواس (C) نواسی (D) نوسن

(12) " سرد " کا متضاد ہے :
(A) ٹھنڈا (B) گرم (C) نرم (D) لذت

(13) " فراخ " کا مترادف ہے :
(A) لمبا (B) کشادہ (C) چوڑا (D) اونچا

(14) " بدن " کی جمع ہے :
(A) بدنوں (B) بدان (C) ابدان (D) بدین

(15) " احکام " کا واحد ہے :
(A) حکموں (B) حکام (C) حکم (D) حکیم

B

☆☆☆☆☆ BWP-9-2-18

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| رول نمبر | 04 - S2000 | SSC( Part - I ) | نیو کورس / گروپ سیکنڈ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | SSC-A-2018 | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | سیشن (2016 - 18) to ( 2017 - 19 ) |

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔ ☆

## حصہ اول

### حصہ نظم

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

(الف) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لئے پھرتی ہے پیغام ، صبا تیرا

(ب) سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے ، تری گفتگو ہے

(ج) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(د) ہے لازوال عہد خزاں اس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

### حصہ غزل

(الف) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

(ب) رہی سبز بے فکرِ کشتِ سخن — نہ جوتا کیا میں ، نہ بویا کیا

(ج) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے

## حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیں۔ (10) = 5+5

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا ، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امرا و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ اُن کے مکان پر آتے تھے ، یہ بھی اُن کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) یہ دغابازی کی سزا ہے۔ انسان صبر کر جائے ، مگر خدا نیک و بد دیکھتا ہے۔ الگو کو اندیشہ ہوا کہ جمن نے اسے زہر دلوایا ہے۔ اس کے برعکس چودھرائن کا خیال تھا کہ اس پر کچھ کرایا گیا ہے۔ چودھرائن اور فہمین میں ایک دن زور و شور سے ٹھنی ؛ دونوں خواتین نے روانیِ بیان کی ندی بہادی۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیں۔ (10) = 2 x 5

(i) سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کس کی تصنیف ہے؟ (ii) سائلوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا؟

(iii) اختر دو سال قبل کہاں رہتا تھا؟ (iv) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟

(v) کرنل محمد خان نے کون سی جنگ میں حصہ لیا؟ (vi) طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟

(vii) علامہ محمد اقبال کی نظم میں " شجر " سے کیا مراد ہے؟ (viii) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) آرام و سکون (5)

سوال نمبر 6 نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (5) = 1+4

سوال نمبر 7 اپنے بڑے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں انہیں اپنی خیریت اور اپنی تعلیمی رپورٹ کے بارے میں جواب دینے کا مطالبہ کیا گیا ہو۔ (10)

**یا**

اپنے سکول کے پرنسپل صاحب کے نام درخواست برائے فیس معافی لکھیے۔

سوال نمبر 8 ایک کہانی تحریر کیجیے جس کا عنوان " جس کا کام اُسی کو ساجھے " ہو۔ (5)

**یا**

اُستاد اور شاگرد کے درمیان تاریخ پاکستان کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستگی کیجیے۔ (5)

(i) ہم نے حج کرنا ہے۔ (ii) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔ (iii) طارق نے اخبار کو خریدا۔

(iv) حبیب ، منیب اور مجیب آیا۔ (v) علی رضا اور شہریار آیا۔

**یا**

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

BWP-9-2-18

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org